# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت



## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 56485 |
| ملازمین کا اندراج | 55228 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 2110 |
| گمشدگی / برآمد | 09 |
| جنرل ویریفکیشن | 96586 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 47 |
| گرفتار ملزمان | 98 |
| یکسو چالان | 48 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5083 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 20 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2747 |
| سنگین خلاف ورزی | 1669 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | 197 |
| لرننگ پرمٹ | 340 |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3498 |
| بوگس کال | 2770 |
| ایمرجنسی رسپانس | 300 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | ---- منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | ---- منٹ |

# اسلام آباد پولیس کے شہداء کے اہلخانہ کے اعزاز میں پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

**آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہداء کے اہلخانہ کو خراج تحسین پیش کیا، انکو درپیش مسائل کے بروقت اور فوری ازالے کی یقین دہانی کروائی، شہداء کے بچوں کو مفت اعلیٰ تعلیم، بہترین طبی سہولیات مہیا کرنے کے احکامات جاری کئے، اسلام آباد پولیس کے 63 شہداء کے اہلخانہ کو پلاٹ بھی دینے کا اعلان کیا، میرے بعد آنے والے اس فورس کے کمانڈر کو شہداء کے اہلخانہ سے کوئی شکوہ سننے کو نہیں ملے گا، شہداء کے گھرانوں کی کفالت ہماری ذمہ داری ہے، آئی جی اسلام آباد**











اسلام آباد پولیس کے شہداء کے اہلخانہ کے اعزاز میں پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پروقار تقریب کا نعقاد کیا گیا، تقریب میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر اسلام آباد پولیس کے شہداء کے اہلخانہ سمیت سینئر پولیس افسران سمیت بڑی تعداد میں پولیس ملازمین موجود تھے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ میں جس بھی پولیس کا حصہ بنتا ہوں سب سے پہلے اپنے اصل خاندان اور فیملی سے ملاقات کرتا جو ہوتی ہے میری شہداء کی فیملیز، میں پہلے دن بھی آپ سے ملاقات کر سکتا تھا لیکن میں نے انتظار کیا، یہ تکلیف دہ تھا کہ میں اپنے شہیدوں کے اہلخانہ سے نہیں مل پا رہا، اتنا وقت اس وجہ سے لگا کہ میں اپنے ایک ایک شہید کے متعلق جان لوں سمجھ لوں کے انکو درپیش مسائل کیا ہیں اور کس طرح انکے مسئلے حل کروں، اگر میں انکے مسائل نہ حل کر سکوں تو اس نوکری میں رہنے کا میرا کوئی مقصد نہیں ہے، اگر میں اپنے شہید کی فیملیز سے کوئی بات کرتا ہوں تو اسکی لاج رکھنا مجھ پر لازم ہے، یہ مقدس فریضہ ہے، میں ان تمام فیملیز کا شکر گزار ہوں جو آج اپنا قیمتی وقت نکال کر یہاں پر آئے، شہید کی عظمت کو بیان کرنا ناممکن ہے کیوں کہ انکی قربانیاں لازوال ہیں، شہید وہ ہے جس کا ذکر قرآن پاک میں ہے، ہمارے شہید ہمارے ساتھ موجود ہیں لیکن ہم شعور نہیں رکھتے، شہادت ایک بہت بڑا درجہ ہے جو ناقابل بیان ہے، شہید کی والدین کی ساری عمر بھی ہم خدمت کریں تو انکا حق نہیں ادا کر سکتے، شہید نا صرف ہمارے ماتھے کا جھومر ہے بلکہ وہ ہماری قوم کا قیمتی اثاثہ ہے، شہید ہے تو ہم ہیں، شہید نہیں تو ہم نہیں، انہوں نے مزید کہا کہ 2002 میں یونیفارم پہن کر میں نے قسم کھائی تھی کہ لوگوں کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے، ہم اس محکمے کا حصہ ہیں جس کے شیروں نے یہ نہیں دیکھا یہ گولی کس کے حصے میں ہے بلکہ اس گولی کو وفا کی مہر سمجھ کر اپنے سینوں پر سجا لی، ہم نے قسم کھائی ہے کہ لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے اور اسکے لئے ہم سب کچھ قربان بھی کریں گے، اس راہ میں ہم بھی اس مرتبے پر پہنچے گے جس پر یہ 63 شیر دل جوان پہنچے ہیں، سلام ہے ان ماؤں کو جنہوں نے ان شہداء کی پرورش کی اور انکو پروان چڑھایا، میں ان شہداء کی والدین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنے بچوں کی شیروں والی تربیت کی ہے، شہداء کی بہنوں کو سلام جو اپنے بھائیوں کا مان تھیں، جو اپنے بھائیوں کا حوصلہ بڑھاتی تھیں، ساڑھے 1400 سو سال سے بہنیں اپنے بھائیوں کو شہادت کی تربیت دیتی آئیں ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ شہداء کے والدین کے مسائل کو سنا جائے اور انکو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور انکو بہترین طبی سہولیات مہیا کی جائیں، شہداء کے بچوں کو بہترین تعلیم دی جائے، شہداء کیلئے گھر اور پلاٹ کا باقاعدہ انتظام کیا جائے، شہداء کے اہلخانہ کے ذرائع آمدن کو بڑھایا جائے، انہوں نے تمام افسران کو ہدایات جاری کیں کہ شہداء کے اہلخانہ کے مسائل کو حل کریں اور انکی کفالت کو یقینی بنائیں، شہداء کے خاندان پولیس افسران کے خاندان ہیں، ہم سب کے دلوں میں شہادت کا جذبہ موجود ہونا چاہیے، شہداء کے بچیوں کی شادیاں، اعلیٰ تعلیم کیلئے میڈیکل اور نجی یونیورسٹیوں میں داخلے کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ آپ نے شہداء کے اہلخانہ کیلئے 63 پلاٹوں کا انتظام کرنے کیلئے بہت بہترین اقدامات کئے ہیں، اور مزید ہدایات دیں کہ ان پلاٹس پر گھروں کی تعمیرات کو بھی یقینی بنایا جائے، انہوں نے پلاٹس کا عطیہ کرنے والے حضرات کا بھی شکریہ ادا کیا، آئی جی اسلام آباد نے شہداء کے اہلخانہ سے پولیس افسران کیلئے خصوصی دعاؤں کی گزارش بھی کی، انہوں نے کہا کہ یہ وقت ہے کام کرنے اور شہداء کے مسائل کو حل کرنے کا، ہم شہداء کے بچوں کے عزیز اور دوست بنے گے، اللہ ہمیں تمام باتوں پر عمل کرنے کی توفیق دے، انہوں نے مزید کہا کہ میرے بعد اس فورس کا جو کمانڈر ہو گا اسے شہداء کے اہلخانہ سے کوئی شکوہ سنے کو نہیں ملے گا کیونکہ میں آپ کے تمام مسائل کو حل کر کے ہی چھوڑوں گا، شہداء کے اہلخانہ کو اسلام آباد پولیس کام کرتے ہوئے نظر آئے گی، ہم نے شہداء کی ویلفیئر کے ساتھ ساتھ وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد، دہشتگر دی کا خاتمہ بھی کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہم تمام تر مجرمان کو زمین کے اندھیروں میں دفن کر دیں گے، ہم آپ سے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر ہمارے جسم میں بھی ہمارے والدین نے خون کی جگہ وفا بھری ہے، اگر ہمارے جسموں میں بھی خون کی جگہ وہ شعلے دوڑ رہے ہیں اگر ہمارے والدین نے ہمارے ٹربیت بھی ویسی ہی کی ہے جو ان شہیدوں کے والدین نے کی تھی تو آج ہمارا آپ سے یہ وعدہ ہے کہ ہم آپ کیلئے وہ سب کچھ کر جائیں گے جو شاید نہ اس تاریخ میں کسی نے کیا ہو اور نہ ہی اس تاریخ میں کسی نے سوچا ہو، اللہ ہمارا حامی و ناصر ہو۔

# آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز نے اردل روم کے انعقاد کیا








انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر سید مصطفی تنویر نے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش ، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کا اردل روم کا انعقاد

**27 پولیس افسران کو ناقص کارکردگی، ڈسپلن کی خلاف ورزی، ناقص تفتیش، ڈیوٹی میں غفلت اور کرپشن میں ملوث ہونے پر محکمانہ سزائیں سنائی، چار پولیس افسران کو محکمہ سے برخاست جبکہ 06 پولیس افسران کے عہدہ کی تنزلی کے احکامات جاری، پبلک سروس ڈیلیوری ہماری اولین ترجیح ہے وہی ہماری ٹیم کا حصہ ہوگا جو کارکردگی دکھائے گا، ڈی آئی جی آپریشنز**





ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے اردل روم کا انعقاد کیا، انہوں اردل روم میں پولیس افسران کے خلاف عوامی شکایات، مقدمات کی تفتیش اور ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے ناقص کارکردگی، ڈسپلن کی خلاف ورزی، مقدمات کی ناقص تفتیش، ڈیوٹی میں غفلت اور کرپشن میں ملوث ہونے پر تین انسپکٹرز، 10 سب انسپکٹرز، سات اے ایس آئیز، دو ہیڈ کانسٹیبلز اور پانچ کانسٹیبلز کو محکمانہ سزائیں سنائیں، چار پولیس افسران جن میں اے ایس آئی عابد حسین، ہیڈ کنسٹیبل عابد مجید، کنسٹیبل محمد شعیب اور کنسٹیبل عریب علی کو نوکری سے برخاست کر دیا جبکہ چھ پولیس افسران جن میں انسپکٹر طاہر خان، انسپکٹر شمس الاکبر، سب انسپکٹر محمد فاروق، سب انسپکٹر زاہد حسین ، اے ایس آئی افتخار احمد اور ہیڈ کنسٹیبل ریاض جلال کے عہدے کی تنزلی کے احکامات جاری کیے، اسی طرح 13 افسران کی سالانہ انکریمنٹ روک دی گئی جبکہ چار پولیس افسران کی سروس بھی ضبط کی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا ہے کہ ناقص کارکردگی اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت برتنے والا محکمہ کا حصہ نہیں رہے گا، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے پبلک سروس ڈیلیوری اولین ترجیح ہونی چاہیے، وہی ہماری ٹیم کا حصہ ہوگا جو کارکردگی دکھائے گا، انہوں نے کہا کہ کسی بھی شکایت پر فوری ایکشن لیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کروں گا، ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے سزا و جزا کا عمل جاری رہے گا ایسے افسران جو بہتر کارکردگی پیش کرتے ہیں انہیں انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا جائے اور ناقص کارکردگی پر محکمانہ سزا دی جائیں گی۔



## ڈی آئی جی آپریشنز کا تھانہ شالیمار کا اچانک دورہ



روزنامچہ، فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، تفتیشی افسران کے کمرے اور رہائشی کمروں کا معائنہ کیا، حوالات میں بند ملزمان سے بات چیت کی، اچھی کارکردگی پر محرر تھانہ کو تعریفی اسناد اور نقد انعام سے نوازا۔





تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس (ڈی آئی جی) آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے تھانہ شالیمار کا اچانک دورہ کیا، دورے کے دوران روزنامچہ، ریکارڈ روم، فرنٹ ڈیسک، حوالات، تفتیشی افسران کے کمرے اور رہائشی بیرکس کا معائنہ کیا، حوالات میں بند ملزمان سے بات چیت کی، اچھی کارکردگی پر محرر تھانہ کو تعریفی اسناد اور نقد انعام دیا، انہوں نے منشیات فروشوں، اشتہاری مجرمان اور پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے جاری آپریشن کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پبلک سروس ڈیلیوری ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے، وہی ہماری ٹیم کا حصہ ہوگا جو کارکردگی دکھائے گا، ایس ایچ اوشہریوں کو 24/7 مہیا ہونا چاہیے ، کسی بھی شکایت پر فوری ایکشن لیا جائے گا، ڈیوٹی پر ماموران افسران کو مکمل حفاظتی کٹ کے ساتھ بھیجا جائے گا، تھانہ جات میں آنے والے شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا یا جائے، شہریوں سے غیر مناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، شہریوں کی جان و مال اور عزت نفس کا تحفظ اسلام آباد کی پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

# ایس ایس پی ٹریفک اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے ٹریفک پولیس کے زیر استعمال موٹر سائیکلوں کا معائنہ کیا

**دوران معائنہ موٹر سائیکلوں میں نقائص کو فوری مرمت کرانے کا حکم، تمام زونل ڈی ایس پیز کو رپورٹ مرتب کرنے کی ہدایت، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن وسائل مہیا کرنے کے لیے شب و روز اقدامات کر رہے ہیں، ایس ایس پی ٹریفک**



انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اور اسے ہر قسم کے وسائل مہیا کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، اس موقع پر ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک نے ٹریفک پولیس کے زیر استعمال ٹریفک ہیڈ کوارٹر میں موجود موٹر سائیکلوں کا معائنہ کیا اور ان کی حفاظت و مرمت کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکلوں میں موجود نقائص کو فوری طور پر دور کریں، انہوں نے اس موقع پر زونل ڈی ایس پیز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایک دن کے اندر اپنے زون کی گاڑیوں، موٹر سائیکلز اور دیگر مشینری سے متعلق رپورٹ مرتب کریں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کو مزید جدید گاڑیاں، موٹر سائیکلز اور دیگر مشینری وغیرہ مہیا کیے جانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں تا کہ ٹریفک پولیس کی کارکردگی کسی صورت متاثر نہ ہو، اچھی کارکردگی کرنے والے افسران و جوانوں کو انعامات جب کہ ڈیوٹی پر لاپرواہی کرنے والوں کو سزا بھی دی جائے گی۔

# ایس پی سٹی زون اور ایس پی رورل زون کی اپنے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد

**کھلی کچہری میں شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے، زونل ایس پیز کی پولیس افسران کو شہریوں کے مسائل کو حل کرنے کی ہدایات، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اور مسائل کا حل اسلام آباد پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے**



انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی رورل زون اور ایس پی سٹی زون نے اپنے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جس میں تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت علاقہ معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، کھلی کچہریوں میں موجود شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے اور بہتری کے لئے تجاویز پیش کیں، حل طلب مسائل پر زونل ایس پیز نے موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے اور شرکاء کی پیش کردہ تجاویز پر عمل درآمد کرنے کی یقین دہانی کروائی، زونل ایس پیز نے کھلی کچہری کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات کی روشنی میں عوامی شکایات اور علاقائی مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے، آئی جی اسلام آباد کے واضح احکامات ہیں کہ تمام افسران اپنے حلقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں تا کہ شہریوں کے ساتھ براہِ راست رابطہ رکھا جا سکے اور ان کو درپیش مشکلات حل کرنے میں مدد ملے، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس دن رات آپ کی حفاظت و خدمت میں کوشاں ہے جن مسائل کا آپ نے ذکر کیا ہے ان کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائے گا، اسلام آباد پولیس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بہتر حکمت عملی کی وجہ سے علاقہ میں جرائم میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے تاہم اس میں مزید بہتری کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، جبکہ قبضہ مافیا، جرائم کا قلع قمع اور منشیات فروشی کے خاتمے کے لئے پولیس کو عوام کے تعاون کی ضرورت ہوتی ہے آپ کے بغیر یہ سب ناممکن ہے پولیس اور عوام مل کر ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جہاد کریں تب اس ناسور کو معاشرے سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ختم کیا جا سکے گا، آپ کے تعاون سے قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور طریقے سے کریک ڈاؤن کیا جا سکتا ہے، آپ اپنے ارد گرد اور گلی محلے میں نظر رکھیں، کوئی بھی مشکوک سرگرمی دیکھیں تو فوری اپنے متعلقہ پولیس کو اطلاع دیں تا کہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے یاد رکھیں کسی بھی علاقہ میں شہریوں کے تعاون کے بغیر خاطر خواہ مثبت نتائج حاصل نہیں کئے جا سکتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کھلی کچہری کے انعقاد کرنے کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان روابط کو بڑھاتے ہوئے دوریاں کو ختم کرنا ہے، معززین علاقہ نے کھلی کچہریوں کے انعقاد پر آئی جی اسلام آباد کو خراج تحسین پیش کیا اور زونل ایس پیز کا شکریہ ادا کیا۔

# آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری

**اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 20 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر لیا، پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مقدمات درج، جبکہ کم عمر بچوں کو فلاحی سنٹرز منتقل کر دیا گیا**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن شروع کر دیا، اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 20 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے جبکہ کم عمر بچوں کو فلاحی سنٹر منتقل کر دیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے زونل ایس پیز کو واضح احکامات دیئے کہ وہ بھکاریوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر اپنی زیرِ نگرانی آپریشن جاری رکھیں، انہوں نے شہریوں سے گزارش کی کہ وہ اپنے صدقات پیشہ ور بھکاریوں کو ہرگز نہ دیں اور ان کی حوصلہ شکنی کریں، اگر آپ کو تجارتی مراکز اور رہائشی علاقوں میں پیشہ ور بھکاری نظر آئیں تو فوری "پکار-15" پر پولیس کو اطلاع دیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح عوام کی جان و مال کی حفاظت ہے۔


## قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری

**پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 16 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا، مجرمان کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جا رہا ہے۔**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 16 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-"15" یا "آئی سی ٹی ایپ15" پر فوری اطلاع دیں۔

## ایس پی رورل زون نے رورل زون کے نائٹ پٹرولنگ پر تعینات افسران کو بریفنگ دی

ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران و جوانوں کو الرٹ ہو کر فرائض سرانجام دینے کی ہدایات دیں، اپ کی سڑکوں پر موجودگی سے شہریوں کو تحفظ کا احساس ہونا چاہئے، جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھیں، دوران چیکنگ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔





# وفاقی دارالحکومت میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 11 منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس، ہیروئن، آئس اور کھلی شراب برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی " نشہ! اب نہیں" تحریک جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 11 منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس ٹیم نے ملزم سراج خان کو گرفتار کرکے 525 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کوہسار پولیس ٹیم نے ملزم کاشف منظور کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 262 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے ملزم مطیع الرحمن کو گرفتار کرکے 22 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ سنگجانی پولیس ٹیم نے ملزم تنویر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 556 گرام ہیروئن اور 20 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ کرپا پولیس ٹیم نے دو ملزمان امن سجاد اور دانش کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 351 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس ٹیم نے تین ملزمان شہریار، دانش عباس اور محمد نواز کو گرفتار کرکے 615 گرام ہیروئن اور 344 گرام آئس برآمد کرلیا، تھانہ نون پولیس ٹیم نے ملزم کرام اللہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 314 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ شمس کالونی پولیس ٹیم نے اکبر حسین کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 530 چرس برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار '15'- یا " آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# ایس پی ڈپلومیٹک پروٹیکشن یونٹ کی ڈپلومیٹک انکلیو کی سیکورٹی پر مامور افسران کو بریفنگ

**ڈیوٹی پر مامور اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران سے ملاقات کی اور کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے اور سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات جاری کیں**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی ڈپلومیٹک پروٹیکشن یونٹ نے ڈپلومیٹک انکلیو کی سیکورٹی ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور انہیں بریفنگ دی، انہوں نے سیکورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران کو فرائض منصبی کی نوعیت اور موجودہ حالات کے پیش نظر الرٹ رہنے کے احکامات جاری کیے، امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بروقت نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہنے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ تمام افسران صاف ستھری یونیفارم زیب تن کریں اور محکمانہ نظم و ضبط پر سختی سے عمل درآمد کریں، اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے تمام تر ذمہ داریاں نبھا رہی ہے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔



# اسلام آباد میں گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے

**تھانہ کھنہ کی حدود میں 313 گھروں کے 123 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، تا کہ شہر میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے**



آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ کھنہ کے علاقے میں 313 گھروں کے 123 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جا سکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جا سکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

**تھانہ کراچی کمپنی اور تھانہ سبزی منڈی پولیس ٹیموں نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہوں کے چار ارکان کو گرفتار کرلیا**




انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ سبزی منڈی پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی، موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹرسائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت جاوید اور خواج محمد کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ سبزی منڈی کے علاقے سے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیموں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت زین اللہ اور سمیع اللہ کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– " 15 یا" آئی سی ٹی ایپ '-15' پر فوری اطلاع کریں۔



Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
Islamabad Police | THURSDAY MAY 02, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 3498 |
| Hoax Call | 2770 |
| Emergency Response | 300 |
| Minimum Response Time | ---- Min |
| Maximum Response Time | ---- Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 2747 |
| Major Violation | 1669 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | 197 |
| Learner Permit | 340 |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 47 |
| Accused Arrested | 98 |
| Challan Submitted in Court | 48 |
| Stop & Search | 5083 |
| P.O / C.O Arrested | 20 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 56485 |
| Employee Registration | 55228 |
| Vehicle Verification | 21110 |
| Lost & Found Reports | 09 |
| General Verification | 96586 |

# 63 plots announced for the martyrs families of Islamabad Police











According to details, a dignified ceremony was held at the Police Lines Headquarters Islamabad in honor of the families of Islamabad Police martyrs, a public relations officer said. He said that, the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi attended the ceremony as a chief guest while senior police officers including families of Islamabad Police martyrs and a large number of police officials were also present on this occasion. The IGP Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi paid a special tribute to the sacrifices of the martyrs of Islamabad Police while addressing the ceremony. The IGP Islamabad said, "Whenever I become part of the police force, the first thing I do is meet my real family who are the families of martyrs. I could have met you on the first day, but I waited. It was painful not to meet the families of my martyrs. It took so much time because I wanted to understand each martyr's issues and how to solve them. If I can't solve your issues, then I have no purpose in this job." He emphasized, "If I talk to the families of my martyrs, it is my duty to follow through. It's a sacred obligation. I am grateful to all those families who took out their precious time and came here today. It's impossible to express the greatness of a martyr because their sacrifices are immense. A martyr is mentioned in the Holy Quran. Our martyrs are present with us, but we lack awareness." Martyrdom is a very high rank that is beyond description. Even if we serve the parents of a martyr all our lives, we can't fulfill their rights. A martyr is not just a badge of honor for us but a precious asset of our nation. If there are martyrs, we exist; if there are no martyrs, we don't exist, he added. He further said that, "In 2002, wearing the uniform, I took an oath to protect the lives and properties of people. We are part of an institution where our lions didn't see whose share the bullet belonged to, but considering the bullet as a token of loyalty, they embraced it on their chests. We have sworn to ensure the protection of people's lives and properties, and for this, we are willing to sacrifice everything. We will also reach the same rank as these 63 brave young men who have reached. Salute to the mothers who nurtured and raised these martyrs. I pay tribute to the parents of these martyrs who raised their children with courage" he added. The IGP said that salute to the sisters of the martyrs who considered their brothers' martyrdom an honor, which boosted their brothers' morale. For over 1400 years, sisters have been nurturing their brothers for martyrdom. He further said that the issues of the parents of the martyrs should be heard and resolved on a priority basis. The best medical facilities should be provided to the families of the martyrs and their children should be given the best education. Proper arrangements should be made for housing and plots for the families of the martyrs and the means of income for the families of the martyrs should be increased, he added. Meanwhile, he directed all officers to resolve the issues of the families of the martyrs and ensure their welfare. The families of the martyrs are the families of police officers; the spirit of martyrdom should be present in all our hearts. Marriages of the martyrs' children should be ensured, and entry into medical and private universities for higher education should be guaranteed, he maintained. However, the IGP Islamabad commended the DIG Headquarters and said that they have made excellent arrangements for 63 plots for the families of the martyrs and further instructions were given to ensure the construction of houses on these plots, and gratitude was expressed to those who donated the plots.





# DIG Headquarters holds orderly room; to address the concerns of officials








According to the details, following the special directions of Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police holds an orderly room to ensure timely and prioritized resolution of institutional and personal matters concerning police officers. The establishment of an orderly room aims to prioritize and address issues faced by police officers on a timely basis, emphasizing their welfare and issue resolution. Following these directives, the DIG Headquarters Dr Syed Mustafa Tanveer holds an orderly room at Central Police Office Islamabad. Officers of Islamabad Police attended the orderly room. During the orderly room, police officers brought forth both personal and official concerns before the DIG Headquarters. Immediate directives were issued for the resolution of pressing matters, while directives were given to senior officers to address remaining issues promptly. On the occasion, the DIG Headquarters highlighted various measures taken for the welfare of police officers, including initiatives aimed at improving residence facilities, enhancing healthcare provisions, and raising educational standards. He assured all personnel of an open-door policy at his office, encouraging them to bring forward any concerns for immediate resolution. He further said that, the primary objective of the orderly room is not only to address the welfare, personal, and official issues of police officers but also to elevate their morale by prioritizing resolutions based on their well-being.

# DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari holds orderly room





According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari holds orderly room where complaints against police officers, investigations into cases and assessments of their performance were examined, a public relations officer said. He said that the DIG Operations issued show-cause notices for negligence, disciplinary violations, incomplete investigations, negligence in duty, and involvement in corruption against three inspectors, 10 sub-inspectors, seven ASIs, two head constables and five constables. Whereas, four police officers namely ASI Abid Hussain, Head Constable Abid Majeed, Constable Muhammad Shoaib, and Constable Areeb Ali were dismissed from service. While the demotion orders of six police officers including Inspector Tahir Khan, Inspector Shams Ul Akbar, Sub Inspector Muhammad Farooq, Sub Inspector Zahid Hussain, ASI Iftikhar Ahmed, and Head Constable Riaz Jalalwere issued. However, annual increments of 13 officers were halted while the service of four police officers was also confiscated. DIG Operations said that negligence and dereliction of duties will not be tolerated in any way within the department. The protection of citizen's lives and property is our foremost responsibility and any negligence or irresponsibility in this regard will not be tolerated, he added. Meanwhile, public service delivery should be the top priority and those who demonstrate efficiency will be part of our team. He emphasized immediate action on any complaint and zero tolerance for any shortcomings in safeguarding citizens lives and property. The process of reward and punishment will continue to improve the performance of the department. Officers who demonstrate outstanding performance will be rewarded and praised while those found negligent will face disciplinary actions, he maintained.

## DIG Operations visits Shalimar police station last night



According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari, visited Shalimar police stations last night, a public relations officer said. He said that the DIG operations checked the record of the police stations and interacted with detained suspects. DIG Operations commends certificates of appreciation and cash prizes were given to Moharrar on outstanding performance. He said that priority should be given to public service delivery by all police officers. Our team will consist of officers who demonstrate performance. He reviewed the operation for the arrest of drug peddlers, proclaimed offenders and professional beggars. All SHOs should be available to citizens 24/7 and immediate action will be taken on any complaint at any time, he added. He issued further instructions to police officers to ensure the safety of duty-assigned police officials with complete protective gear in the field. DIG Operations said that the protection of citizens is the prime responsibility of the police. “Any citizen with a complaint can contact me, my office doors are always open to you. No compromise will be made in protecting the lives and property of citizens. Citizens appreciated the initiative of DIG Operations”.





# SP Rural and City Zones holds Khuli Kachehri and address public' issues



According to details, following the special directions of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, SP City and SP Rural Zone held a Khuli Kachehri at their respective police stations, a public relations officer said. He said that the Khuli Kachehri was attended by citizens and senior police officials. Khuli Kachehris are being held across the city to ensure the early redressal of public complaints, he added. At the outset of the Khuli Kachehri, the participants shared their complaints and also gave suggestions to resolve them. The zonal SPs issued orders on the spot to address the issues of the participants and assured them that their suggestions will be taken into account. He highlighted that police were determined to resolve the issues faced by the citizens. However, Khuli Kachehris were helpful in maintaining direct relationships with the public. He asserted that better strategy on part of the police led to reduction in crime in the city and Islamabad Police are taking steps to control crime further. He asked the participants to cooperate with the police in controlling the crime in the city. Islamabad Police also launched an effective crackdown against those involved in drug peddling, land grabbing and criminal activities in their areas. He urged the citizens to check the activities of the people in their surroundings and inform the police in case of observing the suspicious activities. He added that effective policing is only possible through cooperation of the public and trust between them would be ensured through resolving their problems at their door steps. Any complainant can approach him for redressal of the issues. The participants thanked the IGP Islamabad for organizing these Khuli Kachehris.

# 11 drug peddlers arrested; huge cache of drugs recovered

According to details, in light of the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, Islamabad Police has launched a special "Nashaa Ab Nahi" tehreek to eradicate narcotics and keep the youngsters safe from the curse of drugs, public relations officers said. He said that, during the last 24 hours, the Islamabad Police apprehended 11 drug peddlers from different areas of the city and recovered a huge cache of drugs from their possession. Following these directions, the Secretariat Police team arrested an accused namely Siraj Khan and recovered 525 gram heroin from his possession. The Kohsar Police team arrested an accused namely Kashif Manzoor and recovered 262 gram heroin from his possession. The Karachi Company Police team arrested an accused namely Mati Ur Rehman and recovered 22 gram Ice from his possession. Likewise, the Sangjani police team arrested an accused namely Tanveer Ahmed and recovered 556 gram heroin and 20 gram of ice from his possession. The Kirpa police team arrested two accused namely Aman Sajjad and Danish Abbas and recovered 351 gram hashish from their possession. Similarly, the Khanna police team arrested three accused namely Shehryar, Danish Abbas and Muhammad Nawaz and recovered 615 gram heroin, 344 gram ice from their possession. The Noon police team arrested an accused namely Karam Ullah and recovered 314 gram hashish from his possession. The Shams Colony police team arrested an accused namely Akbar Hussain and recovered 530 gram hashish from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements."Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# Campaign for registration of house servants and tenants data in full swing



According to details, the Islamabad Police "Knock the Door" campaign for the registration of employees and tenants is in full swing, a public relations officer said. He said that, during this campaign various teams of Islamabad Police are going to the streets and door-to-door to ensure the registration of tenants and domestic workers as well as to inquire about the problems faced by the citizens. In this regard, the Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad has registered a data of 123 house servants of 313 houses from Khanna Police Station jurisdiction. Moreover, the purpose of this campaign is to avoid any untoward incident by maintaining law and order in the federal capital adding that the registration of tenants and domestic workers could not only keep a close watch on miscreants but also prevent the elements involved in any kind of suspicious activity. He said citizens are also requested that they can ask for the identity of a person if someone dressed in civil clothes comes to their house in order to collect the data. Unregistered employees and tenants could be involved in serious incidents like theft and robbery by impersonating as a common citizen and Islamabad Police is trying to provide a safe environment to the citizens of the federal capital by using all its resources.

### Four snatchers arrested: snatched cash, mobile phones and weapons recovered




Islamabad Police Sabzi Mandi and Karachi company police teams arrested four wanted members of snatcher gangs involved in numerous snatching activities and recovered snatched cash, mobile phones, motorbike and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate crime from the city. Following these directions, the Sabzi Mandi police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of the snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Javed and Khawaj Muhammad. While the Karachi Company police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of the snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Zain Ullah and Sami Ullah. Police team also recovered weapons used in crime from their possession. Cases have been registered against the accused and further investigation is underway. DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.



# SSP Traffic Islamabad inspects traffic police vehicles

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, initiatives are being taken to further improve the performance of Islamabad Traffic Police and provide them with all necessary resources they need, a public relations officer said. He said that, following these directions, the SSP Traffic Islamabad Muhammad Sarfraz Virk inspected motorbikes used by the traffic police officials at the traffic headquarters and issued directives to ensure their safety and maintenance and urges to promptly rectify any defects. He directed the Zonal DSPs to compile reports on vehicles, motorcycles, and other machinery within a day in their respective zones. Additionally, he highlighted that special measures are being taken to provide Islamabad Traffic Police with more modern vehicles, motorcycles, and machinery to ensure that their performance is not affected. He maintained that officers and officials performing well will be rewarded while those neglecting their duties will be penalized.



# Security officials briefed for effective duty

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP), Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, a special briefing was held for the officers deployed on Diplomatic Enclave security duties regarding the better performance of their duties, a public relations officer said. He said that, the SP Diplomatic Protection Unit (DPD) briefed the security officers to maintain the law and order and prevent any untoward incident. Moreover, officers were briefed regarding duty in view of the current situation, the officers and officials on patrolling duty were informed about being alert during patrolling and keeping a watchful eye on suspicious persons, strict orders were issued regarding proper uniforms and discipline. He further issued orders to the officers and personnel to be ready all the time and perform their duties in an effective manner. Islamabad Police is utilizing all available resources in order to maintain the law and order situation in the federal capital and the protection of life and property of citizens is among the top priorities.



### Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars

According to details, following the special directives of the Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations, Syed Shahzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars, a public relations officer said. He said that during the past 24 hours, Islamabad Police conducted operations against professional beggars and their facilitators in various areas, resulting in the arrest of 20 professional beggars and the filing of cases against them. Additionally, underage children were transferred to shelters. The DIG Operations issued clear instructions to zonal SPs to continue daily operations against beggars under their supervision. He urged citizens not to give alms to professional beggars and to discourage them. If professional beggars are spotted in commercial or residential areas, citizens are encouraged to immediately call the police at "Pucar-15". Furthermore, he emphasized that the primary priority of Islamabad Police is the protection of life and property of the citizens.

# Social Media Corner Islamabad Police







